# 22803 - بناوٹی پلکیں اور ناخن لگانا

**سوال**

کیا بناوٹی پلکیں اور ناخن لگانے جائز ہیں یا نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

بناوٹی بال لگانے جائز نہیں کیونکہ وصل شعر ( یعنی بال ملانے ) میں شامل ہوتا ہے، اور وحشی جانوروں کی طرح لمبے لمبے ناخن لگانے کا طریقہ بھی ہمارے ہاں کفار کی جانب سے آیا ہے، حالانکہ شریعت مطہرہ نے تو ناخن کاٹنے اور لمبے ناخن نہ رکھنے کا حکم دیا ہے، تو پھر ہم اپنی شریعت مطہرہ کی مخالفت کیوں کریں ؟.

اللہ تعلی سے ہماری دعا ہے کہ ہمیں ہدایت نصیب فرمائے.

واللہ اعلم .